خبر نامہ

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

جنوری 2022ء



”میری دعا ہے کہ سال نو ہمارے لیے اور ہمارے ملک کے لیے خوشحالی، کامیابی، اور سلامتی کا باعث ہو۔

اللہ کریم ہم سب کو اپنی رحمت کے سائے میں رکھے اور کووڈ 19 جیسے مہلک مرض سے بچائے۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے اساتذہ، طلباء و طالبات کو اس ملک کی ترقی میں

اپنا فعال کردار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔“

آمین

پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال

وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

GCUF Ranked at 601-800

by TIMES HIGHER EDUCATION World University Ranking

THE WORLD UNIVERSITY RANKINGS 2022

Ranked **2nd** among All Pakistan Universities

Ranked **1st** among All Punjab Province Universities

Striving for Excellence

Prof. Dr. Shahid Kamal
Patron in Chief
Vice Chancellor

Mr. Zeshan Ahmed Khan
Chief Editor
Public Relation Officer

Mr. Rizwan Ahmad
Editor
Protocol Officer

Mr. Hassan Mahmood
Designing and Composing
Computer Programmer

شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد اور کاروان علم فاؤنڈیشن کے مابین مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور کاروان علم فاؤنڈیشن لاہور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ تقریب میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کاروان علم فاؤنڈیشن خالد ارشاد صوفی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کاروان علم فاؤنڈیشن جی سی یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات کو تعلیم کے لیے اسکالرشپ فراہم کرے گی، اسکالرشپ سے طلبہ کی فیس، ہاسٹل فیس اور دیگر جزوی، کلی ضروریات کو پورا کیا جائے گا۔ نیز فاؤنڈیشن کی طرف سے یونیورسٹی میں زیر تعلیم طلبہ کی صلاحیوں کو اجاگر کرنے اور پیشہ وارانہ زندگی میں کامیابی کے لیے سیمینارز اور کیئر کونسلنگ کے ذریعے آگاہی فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسکالرشپ کا مقصد مستحق اور باصلاحیت طلبا و طالبات کو فعال اور خودکفیل شہری بنانے کے لیے اعلی تعلیم کی راہ میں حائل مشکلات کو دور کرنا اور ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور پیشہ وارانہ زندگی میں کامیابی کے لیے تربیت فراہم کرنا ہے۔ کاروان علم کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر خالد ارشاد صوفی نے اس موقع پر کہا کہ ہماری فاؤنڈیشن مستحق اور نونہار طالب علموں کو ہر سطح پر مالی معاونت فراہم کرتی ہے، یونیورسٹیز کے ذریعے طلبا و طالبات کو اسکالرشپ فراہم کرنے کا مقصد قابل اور محنتی طلباء کو اعلی تعلیمی اداروں تک رسائی دینا ہے تاکہ وہ حصول تعلیم کے بعد ملکی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں۔ اس موقع پر رجسٹرار یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر نعیم اقبال، انچارج ڈین پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، انچارج سٹوڈنٹ فنانشیل ایڈ محترمہ صائمہ پروین اور پروٹوکول آفیسر رضوان احمد جوئیہ بھی موجود تھے۔

ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس اور ایسوسی ایٹ ڈگری سائنس کے پہلے سالانہ امتحانات 2021 کے نتائج کا اعلان

وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر مظہر حیات کے ہمراہ ایسوسی ایٹ ڈگری آرٹس اور ایسوسی ایٹ ڈگری سائنس کے نتائج کا اعلان کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کامیاب ہونے والے طلباء و طالبات کو مبارکباد پیش کی، انہوں نے اس موقع پر اپنے افسران و اہلکاران کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کنٹرولر امتحانات کو بروقت نتائج کے اعلان پر مبارکباد دی۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں کمر کے درد، علاج اور احتیاط کے حوالے سے سیمینار

ڈیپارٹمنٹ آف ایسٹرن میڈیسن اینڈ سرجری گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی طرف سے کمر کے درد اور تھرمو بیلنسنگ تھراپی کے ذریعے اس کے علاج اور احتیاط کے حوالے سے ایک روزہ انٹرنیشنل آگاہی سیمینار کا اہتمام کیا گیا جس میں ایلن ڈیوائس کی افادیت کو زیر بحث لایا گیا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی۔ ان کے ساتھ انچارج ڈین فیکلٹی آف میڈیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عابد رشید، چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف ایسٹرن میڈیسن اینڈ سرجری ڈاکٹر محمد اکرم، ڈاکٹر عاصم مان ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اینستھیسیا فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر نور اکبر پروفیسر آرتھوپیڈک عزیز فاطمہ میڈیکل کالج، ڈاکٹر حافظ محمد سلیمان ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر اویس بن انعام نے کرونک لوئر بیک پین اینڈ تھرمو بیلنسنگ تھراپی پر خصوصی لیکچر دیئے۔ اس موقع پر وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر شاہد کمال نے ڈیپارٹمنٹ آف ایسٹرن میڈیسن اینڈ سرجری کے طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ میڈیکل سائنسز کے طلباء کے لئے ریسرچ اور سیمینارز ان کو جدید ٹیکنالوجی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے بہت ضروری ہیں۔ ایلن ڈیوائس کے مالک ڈاکٹر ایلن نے ویڈیو لنک کے ذریعے سیمینار میں شرکت کی اور شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دینے کے ساتھ ساتھ ڈیپارٹمنٹ آف ایسٹرن میڈیسن اینڈ سرجری گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی کوششوں کو سراہا۔ ڈاکٹر عابد رشید نے اس موقع پر کہا کہ کمر کے درد کے علاج کے لیے جسمانی ورزش بھی موثر ہوتی ہے، انہوں نے ڈاکٹر ایلن کی ڈیوائس کی افادیت اور اس کے استعمال پر گفتگو کی۔ چیئرمین ایسٹرن میڈیسن ڈاکٹر محمد اکرم نے اپنے خطاب میں کمر کے نچلے حصے کے درد کی وجوہات اور اس کے موثر علاج پر بات کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید دور میں کمر درد سے نجات کے لیے ورزش، لیزر تھراپی، ایکیو پنکچر کے بعد ڈاکٹر ایلن کی ڈیوائس نے تھراپی کی دنیا میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔ تقریب میں یونیورسٹی اساتذہ، ڈینز، ڈائریکٹرز کے علاوہ طلبا و طالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ تقریب کے آخر میں منتظمین میں اعزازی شیلڈز اور تعریفی اسناد بھی دی گئیں۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں انٹر ڈیپارٹمنٹل کرکٹ کے مقابلہ جات کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیراہتمام انٹر ڈیپارٹمنٹل کرکٹ چیمپین شپ کا انعقاد کیا گیا۔ مقابلہ جات میں یونیورسٹی کے 52 شعبہ جات
کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر چیئرمین سپورٹس بورڈ پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل بھی بچوں کی تربیت کے لیے ضروری ہیں جو قوت برداشت اور آگے
بڑھنے کا سبق سکھاتے ہیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس محمد رفیق واہلہ نے کہا کہ کھیلوں سے طلباء میں مقابلہ کی فضا پیدا ہوتی ہے، کرکٹ ہمیشہ سے ہی پاکستان کا پسندیدہ کھیل رہا ہے
یونیورسٹی کی طرف سے ایسے کھیلوں کا انعقاد طلباء کے لیے ایک تعمیری اور تفریحی سرگرمی ہے۔ فائنل میچ فزیکل ایجوکیشن اور کامرس ڈیپارٹمنٹ کے درمیان کھیلا گیا۔ فزیکل ایجوکیشن کی ٹیم
نے فائنل اپنے نام کر لیا۔ دوسری پوزیشن کامرس ڈیپارٹمنٹ تیسری پوزیشن شعبہ اکنامکس اور چوتھی پوزیشن لائل پور بزنس سکول نے حاصل کی۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں برٹش کونسل کے ایریا ڈائریکٹر کی آمد، طالبات میں اسکالرشپ کے چیک کی تقسیم۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں برٹش کونسل کی طرف سے طالبات میں اسکالرشپ کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ برٹش کونسل کے ایریا ڈائریکٹر مائیکل ہولگیٹ اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کی طرف سے محترمہ سارہ پرویز نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ برٹش کونسل کی طرف سے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی طالبات کے لیے اسکالرشپ ان کے تعلیمی مستقبل کو سنوارنے میں معاون ثابت ہوں گے، انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی ترقی کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو مثبت کردار ادا کرنا چاہیئے، جی سی یونیورسٹی تعلیمی عمل میں شریک طالبات کی حوصلہ افزائی اور ان کے تدریسی عمل میں معاونت کو یقینی بنانے میں پیش پیش ہے۔ مائیکل ہولگیٹ نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ اسکاٹش حکومت کی پاکستان کے ساتھ ایک لمبی مشترکہ تاریخ رہی ہے، برٹش کونسل پاکستان میں فروغ تعلیم کے لیے کوشاں ہے، انہوں نے مزید کہا کہ وظائف کا مقصد پاکستان میں خواتین کو بغیر کسی مالی بوجھ کے مطلوبہ تعلیم حاصل کرنے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ سکاٹش پاکستان اسکالرشپ برائے طالبات برٹش کونسل پاکستان کی طرف سے پیش کیے جاتے ہیں جس کے ذریعے طالبات کے تعلیمی اخراجات، ہاسٹل فیس اور دیگر جزوی اور کلی ضروریات کو پورا کیا جائے گا۔ اس موقع پر برٹش کونسل کی طرف سے جی سی یونیورسٹی میں جاری پروجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ بھی پیش کی گئی۔ تقریب میں رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر نعیم اقبال, سٹوڈنٹس فنانشل ایڈ کی انچارج محترمہ صائمہ پروین کے علاوہ ڈائریکٹرز اور شعبہ جات کے صدور بھی موجود تھے۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں ماہ جنوری کے دوران آٹھ پی ایچ ڈی اسکالرز کی ڈاکٹریٹ مکمل

ان اسکالرز میں ثریا بانو شعبہ اسلامیات ، صائمہ اسلم شعبہ ریاضی، امِ حبیبہ شعبہ عربی ، عائشہ باری شعبہ کیمسٹری ، زبیر حسن شعبہ زوالوجی، سعدیہ تبسم شعبہ زوالوجی ، نازیہ کنول شعبہ زوالوجی اور شبانہ ناز شعبہ اردو شامل ہیں۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی اکیڈمک کونسل کا اجلاس

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کی اکیڈمک کونسل کا پچیسواں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے ڈینز، تدریسی شعبوں کے سربراہان، کیڈمک کونسل کے ممبران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں نئے شعبہ جات کے قیام کے ساتھ ساتھ آئندہ تعلیمی سیشن کے لیے کورسز کی منظوری بھی دی گئی۔ اکیڈمک کونسل نے مختلف تعلیمی، تدریسی، اور تحقیقی امور زیر بحث لاتے ہوئے مدلل و مفصل نکات کو اپنی گفتگو کا موضوع بنایا۔ اجلاس میں نئے پی۔ایچ۔ڈی پروگرامز کی منظوری بھی دی گئی۔ سابق پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق قریشی مرحوم کے نام پر ہال منصوب کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔

جی سی یونیورسٹی میں ڈیٹا منیجمنٹ پبلیکیشن کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں یونیورسٹی کے ریسرچ سے منسلک اساتذہ اکرام کے علاوہ پاکستان سائنٹیفک اینڈ ٹیکنالوجی انفارمیشن سنٹر کے ڈپٹی ڈائریکٹر محمد حسنین، بہاؤلدین ذکریا یونیورسٹی ملتان سے ڈاکٹر سادات مجید نے بھی شرکت کی۔ ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کے لیے عصر حاضر کے جدید تقاضوں کے مطابق ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ شعبہ کی ریسرچ اور پبلیکیشنز تک رسائی ممکن بنانا تھا۔ اس موقع پر ڈاکٹر سادات مجید اور ڈاکٹر محمد حسنین نے ورکشاپ کے شرکاء کو جدید طریقوں کو استعمال کرتے ہوئے ڈیٹا تک رسائی کے متعلق آگاہی فراہم کی۔ ڈاکٹر عبدالروف بھٹی نے اپنے خطاب میں ریسرچ سے منسلک اساتذہ کو جدید طریقوں سے سائنسی مواد کو ڈھونڈنے پر زور دیا۔ انہوں نے اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کے ویژن کی تعریف کی جن کی بدولت ریسرچ کے شعبہ میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کا شمار نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کی بہترین جامعات میں ہونے لگا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یونیورسٹی میں ریسرچ کلچر کو فروغ دینے کے لیے ٹریننگ ورکشاپ اور سیمینار کا انعقاد انتہائی ضروری ہے جس کے ذریعے اساتذہ اور طلباء میں جدید ریسرچ اور نئی ایجادات کے راستے ہموار ہوتے ہیں۔

جی سی یونیورسٹی میں اقبال کے فلسفہ خودی کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ایجوکیشن کے زیر اہتمام اقبال کا فلسفہ خودی اور عصر حاضر کے عنوان پر ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین شعبہ ایجوکیشن ڈاکٹر شفقت حسین، جبکہ مہمان اعزاز میں پروفیسر ڈاکٹر آصف اعوان ماہراقبالیات، محمد اختر بٹ ماہر تعلیم شامل تھے۔ ڈاکٹر شفقت حسین نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ مسلمانوں کی زبوں حالی کا حل اقبال کے پیغام خودی میں ڈھونڈھنے کی ضرورت ہے۔ عصر حاضر کے مغربی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں علامہ اقبال کی تعلیمات عملی طور پر پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر آصف اعوان نے اقبال کے فکر و فلسفہ اور خودی کی تعلیمات کے حوالے سے گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ اقبال نے جس سوچ پر پاکستان کو قائم کرنے کا خواب دیکھا تھا وہ نظریہ آج بھی زندہ ہے، عالمی سطح پر ہمیں بہت بڑے مسائل کا سامنا ہے ان حالات میں حکیم الامت کا فلسفہ خودی ہی ہمارا سب سے موثر ہتھیار ثابت ہو سکتا ہے۔ماہر تعلیم محمد اختر بٹ نے اپنے خطاب میں طلبہ و طالبات پر زور دیا کہ وہ اقبال کو محض شاعر ہونے کی حثیت سے نہیں بلکہ رہبر امت اور مفکر اسلام ہونے کی حثیت سے مطالعہ کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اقبال فکر قرآن کے حوالے سے تحقیقی کام کے خواہشمند تھے ہمیں اپنی زندگیوں میں قرآن اور اقبال کے فلسفہ خودی کو رہنما بنانا ہو گا۔ ڈاکٹر محمد شبیر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہمیں اقبال کے فلسفہ خودی کو اپنی عملی زندگی میں اپنانے کی ضرورت ہے ۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں انٹرنیشل ٹریڈ اور ای کامرس کے حوالے سے سیمینار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے لائیلپور بزنس سکول کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں طلبہ و طالبات کو انٹرنیشل ٹریڈنگ اور ای کامرس کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ سیمینار کا مقصد ای کامرس اور ٹریڈ کے حوالے سے طلبا کے اندر آئن لائن مارکیٹنگ کے تصور کو تقویت فراہم کرنا تھا۔ اس موقع پر انیبلرز کے لیڈ ایمبسڈر بلال سندھو اور کنسلٹنٹ علی عثمان نے طلبا و طالبات کو انٹرنیشنل ٹریڈ اور ای کامرس کے متعلق رہنمائی فراہم کی، انہون نے طلباء پر زور دیا کہ وہ آن لائن کاروبار کی طرف آئیں تاکہ پڑھائی کے ساتھ ساتھ وہ کاروباری معاملات کو سمجھنے کے قابل ہو سکیں۔ ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ انور نے اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ طلباء خود کو جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ ہم آہنگ کریں، اس سے نہ وہ صرف انفرادی طور پر خود کفیل ہوں گے بلکہ ملکی معیشت کی بہتری میں بھی معاون ثابت ہوں گے۔ ڈائریکٹر لائلپور بزنس سکول ڈاکٹر صفدر حسین طاہر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایسی سرگرمیوں سے طلباء کے اندر کاروبار کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے، تعلیم کے ساتھ ساتھ کاروبار کے متعلق پریکٹیکل علم کا حاصل ہونا طلباء کے اندر خود اعتمادی پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر انیبلرز اور جی سی یونیورسٹی کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کے حوالے سے خواہش کا اظہار بھی کیا۔

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے لیے پروفیسر ڈاکٹر نعیم نواز کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ریاضی کے پروفیسر ڈاکٹر نعیم نواز مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد ریٹائر ہو گئے۔ ان کی ریٹائرمنٹ پر فیکلٹی آف فیزیکل سائنسز کی طرف سے ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، جس میں یونیورسٹی کے ڈینز، ڈائریکٹرز اور اساتذہ نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے کہا کہ یونیورسٹی کی تاریخ میں پروفیسر ڈاکٹر نعیم نواز کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، انہوں نے یونیورسٹی میں گراں قدر خدمات سر انجام دیں جس کے لیے یونیورسٹی ان کی شکر گزار رہے گی۔ انچارج ڈین فیکلٹی آف فیزیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر نعیم نواز نے کبھی تدریسی عمل میں کوتاہی نہیں کی، یونیورسٹی ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھے گی، ان سے فارغ التحصیل طلبا اور طالبات اس وقت ملک بھر کے تعلیمی، تحقیقی، اور فنی اداروں میں اپنی خدمات سر انجام دے رہے ہیں۔ تقریب کے آخر میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی طرف سے پروفیسر نعیم نواز کو ان کی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ سے نوازا گیا۔

وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال فیکلٹی ممبران کے ساتھ نئے سال کا کیک کاٹ رہے ہیں